روزنامہ

الفضل

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 2 جنوری 2008ء 22 ذی الحج 1428 ہجری 2 صلح 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 2

حق اللہ اور حق العباد میں اسوۂ رسولؐ

حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ کثرت سے ذکر الٰہی کرتے تھے اور فضول بات سے پرہیز کرتے تھے نماز لمبی کرتے اور خطبہ مختصر دیتے تھے اور بیواؤں اور غریبوں کے ساتھ جا کر ان کی ضرورت پوری کر دینے میں برا نہیں مناتے تھے۔

(نسائی کتاب الجمعة باب مایستحب من تقصیر الخطبة حدیث نمبر 1397)

مورخہ 31 دسمبر 2007ء کو 116ویں جلسہ سالانہ قادیان میں محمود ہال لندن سے حضور انور کا اختتامی خطاب

حضرت مسیح موعود کی بعثت کے دو بڑے مقاصد توحید کا قیام اور شفقت علی خلق اللہ تھے

جماعت احمدیہ کی ترقی کا دارومدار تقویٰ پر چلنے والے افراد پر ہے اور خلافت احمدیہ سے وابستہ ہے

خطاب کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے محمود ہال لندن سے جلسہ سالانہ قادیان کے تیسرے دن براہ راست اختتامی خطاب فرمایا۔ حضور انور کے خطاب کے دوران دونوں تقاریب کی ویڈیو کوریج بیک وقت ایم ٹی اے کے ذریعہ Live نشر کی گئی۔ جس کے ساتھ ہی جماعت احمدیہ قادیان کا 116 واں جلسہ سالانہ 29 تا 31 دسمبر 2007ء اپنی پوری شان وشوکت اور کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوگیا۔ جلسہ سالانہ کے تینوں دن جلسہ کی کارروائی کے بعض حصے ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر براہ راست نشر کئے گئے۔

حضور انور نے اس اختتامی خطاب میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے حضرت مسیح موعود کی جماعت پر فضلوں، رحمتوں اور احسانات کی بارش ہوتی ہم ہر روز دیکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے احسانات میں سے ایک احسان ایم ٹی اے کی صورت میں بھی ہے۔ اس وقت ہزاروں احمدی جو جلسہ کی اس کارروائی کو دنیا میں بیٹھے سن رہے ہیں اور جلسہ سالانہ کے پروگراموں سے فیضیاب ہو رہے ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کی حضرت مسیح موعود کے ساتھ تائید ونصرت کا ایک زندہ نشان ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ حضرت مسیح موعود کی بعثت کے دو بڑے مقاصد تھے اول توحید کا قیام اور دوسرے شفقت علی خلق اللہ۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ شریعت کے دو ہی بڑے حصے اور پہلو ہیں جن کی حفاظت انسان کو ضروری ہے۔ ایک حق اللہ اور دوسرا حق العباد۔ حق اللہ تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی محبت، اس کی اطاعت، عبادت، توحید، ذات اور صفات میں کسی دوسرے کو شریک نہ کرے اور حق العباد یہ ہے کہ اپنے بھائیوں سے تکبر، خیانت اور ظلم کسی نوع کا نہ کیا جاوے۔ حتی الوسع اپنے بھائیوں پر بدظنی نہ کی جائے اور ہمیشہ نیک ظن رکھا جائے کیونکہ اس سے محبت بڑھتی ہے اور آپس میں قوت پیدا ہوتی ہے۔ حضور انور نے ہمدردی مخلوق کے مفہوم اور دیگر امور تفصیل سے بیان فرمائے۔

حضور انور نے فرمایا کہ حضرت مسیح موعود کو ایک فکر تھی کہ میں وہ جماعت قائم کروں جو حقیقی طور پر تقویٰ شعار لوگوں کی جماعت ہو اور اسی مقصد کے لئے آپ نے جلسوں کا انعقاد فرمایا تھا۔ آپ نے فرمایا کہ یہ کوئی دنیاوی میلہ نہیں۔ پس حقیقی تقویٰ پر چلتے ہوئے اپنے اندر پاک تبدیلیاں پیدا کرنی ہیں۔ پس جلسے میں شامل ہونے والے ہر احمدی کو یہ دیکھنا چاہئے کہ یہ تقریریں ہمارے ایمان میں وقتی اضافے کا موجب بننے والی نہ ہوں بلکہ یہ ہماری زندگیوں میں انقلاب لانے والا ماحول بن چکا ہو۔

حضور انور نے فرمایا کہ تمام نومبائعین جو اس جلسے میں شامل ہوئے ہیں ان سے میں کہتا ہوں کہ آپ نے بیعت کے بعد اور پھر مسیح الزمان کی اس بستی میں آ کر جہاں خالص روحانی ماحول میں جلسے کا انعقاد ہو رہا ہے اگر اس ماحول سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے اندر تبدیلی پیدا نہیں کی تو پھر اس بیعت کا کیا فائدہ۔ جو پرانے احمدی ہیں وہ بھی یاد رکھیں کہ پہلوں کی قربانیاں اور ان کی نیکیاں، تقویٰ میں بڑھنے کے معیار اور ان کی دعائیں تبھی فائدہ دینے والی ہوں گی جب ہم ان کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش کرنے والے ہوں گے۔

حضور انور نے فرمایا کہ قادیان میں رہنے والے بھی یہ بات یاد رکھیں کہ آپ میں سے وہ لوگ آہستہ آہستہ رخصت ہو رہے ہیں جنہوں نے درویشی میں اپنی زندگیاں گزاریں، ہر طرح کی قربانیاں دیں لیکن مسیح کی اس بستی کی ہر طرح حفاظت کی، جو عہد کیا تھا اسے نبھایا۔ اب نئی نسل پر یہ ذمہ داری پڑ رہی ہے۔ پس اس امتحان سے سرخرو ہو کر نکلیں اور دنیا کو بتا دیں کہ زندہ قومیں کبھی اپنے مقصد کو بھولا نہیں کرتیں اور ہر جانے والے کے بعد نیا عہد اور نیا عزم کرتی ہیں۔ پس ہمیشہ یاد رکھیں کہ جماعت احمدیہ کی ترقی کا دارومدار کسی شخص پر نہیں بلکہ تقویٰ پر چلنے والے افراد پر ہے اور الٰہی وعدوں کے مطابق خلافت احمدیہ سے وابستہ ہے۔ خلافت احمدیہ کے ساتھ جڑے رہنے میں ہی ہر احمدی کی بقا ہے۔

حضور انور نے اپنے خطاب کے آخر پر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس جلسے کی برکات اور تقویٰ میں ترقی ہر ایک میں ہمیشہ جاری رکھے۔ باہر سے آنے والوں کو اپنی حفاظت سے واپس لے جائے۔ سفر وحضر میں نیکی اور تقویٰ کو اپنی زندگیوں کا دائمی حصہ بنانے والے ہوں، ہمیشہ ایسے عمل کرتے رہیں جن سے خدا راضی ہو۔ سفر میں سب کا رفیق اور ساتھی خدا ہو، اپنے عہدوں اور وعدوں کو نبھانے کی ہر ایک کو اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرمائے۔ اللہ تعالیٰ آئندہ سال کو جماعت کے لئے بیشمار برکتوں کا سال بنا دے۔ آمین

مریم شادی فنڈ

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنی زندگی میں جو آخری مالی تحریک فرمائی وہ ’’مریم شادی فنڈ‘‘ ہے۔

مورخہ 28 فروری 2003ء کے خطبہ جمعہ میں اس تحریک کا اعلان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:۔

’’اس فنڈ کا نام مریم شادی فنڈ رکھ دیتا ہوں امید ہے کہ اب یہ فنڈ کبھی ختم نہیں ہوگا اور ہمیشہ غریب بچیوں کو عزت کے ساتھ رخصت کیا جا سکے گا۔‘‘

(الفضل 6 مئی 2003ء)

احباب جماعت کو حضور کی اس تحریک میں خدا تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے ضرور حصہ لینا چاہئے اور اپنی شادیوں کے مواقع پر اس تحریک میں بھی ادائیگی کرنی چاہئے تا کہ مستحق، بے سہارا اور یتیم بچیاں بھی عزت کے ساتھ رخصت ہو سکیں نیز ایسے افراد جنہیں اللہ تعالیٰ نے مالی فراخی عطا فرمائی ہے وہ شکرانے کے طور پر اپنی استطاعت کے مطابق ضرور اس بابرکت تحریک میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔ جزاکم اللہ

(ناظر اعلیٰ)

تحریک جدید کی تکمیل کے لئے وصیت

تحریک جدید کی غرض وغائیت سیدنا حضرت مصلح موعود نے زمین پر خدا تعالیٰ کی بادشاہت کا قیام بیان فرمائی ہے۔ پس مخلصین جماعت کے ازدیاد ایمان کے لئے حضور کا ایک ارشاد جو وصیت کا رنگ رکھتا ہے۔ پیش خدمت کیا جاتا ہے۔ فرمایا

’’میں اللہ تعالیٰ پر اس تحریک کی تکمیل کو چھوڑتا ہوں۔ یہ کام اسی کا ہے اور میں صرف اس کا ایک حقیر خادم ہوں۔ لفظ میرے ہیں لیکن حکم اسی کا ہے۔‘‘

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس ارشاد کو سمجھنے اور مناسب حال قربانیاں پیش کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

(وکیل المال اول)

رپورٹ: مکرم ملک منیر احمد صاحب

دوسرا سالانہ اجتماع مجلس انصاراللہ جاپان

خدا تعالیٰ کے خاص فضل وکرم سے مجلس انصاراللہ جاپان کو اپنا دوسرا سالانہ اجتماع 2 تا 4 نومبر 2007ء کو منعقد کرنے کی توفیق ملی۔

یہ اجتماع شیزوکا کین کے فوجی سٹی جاپان کے سب سے اُونچے پہاڑ ماؤنٹ فیوجی (mount fuji) کے قریب منعقد کیا گیا۔ یہ اجتماع مورخہ 2 نومبر کو شروع ہوا۔ یہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ اور مجلس انصاراللہ جاپان نے مل کر منعقد کیا۔ سب دوست جمعہ سے پہلے مقام اجتماع پر پہنچ گئے۔

پہلے نماز جمعہ اور نماز عصر باجماعت ادا کی گئیں۔ اس کے بعد دونوں مجالس کی افتتاحی تقریب کا آغاز ہوا۔

تلاوت اور نظم کے بعد عہد مجلس خدام الاحمدیہ اور مجلس انصاراللہ دہرایا گیا۔ اس کے بعد اس پروگرام کا افتتاح نیشنل صدر جاپان محترم محمد یوسف ڈار صاحب نے کیا آپ نے حضرت مصلح موعود کے اقتباسات اپنی تقریر میں پیش کئے جو حضور نے مجالس کے لئے بیان فرمائے تھے۔ اس کے بعد آپ نے اجتماعی دعا کروائی۔

مقام اجتماع پر ہی سنٹر کی طرف سے ایک ریستوران میں Buffet System کے تحت کھانے کا انتظام کیا گیا تھا۔

اس کے بعد نماز مغرب وعشاء ادا کی گئیں اور مکرم اَنیس احمد صاحب ندیم مربی انچارج جاپان نے درس دیا جس کے بعد مجلس انصاراللہ کی عاملہ کا اجلاس ہوا۔ اور اس طرح رات 9 بجے سب لوگ رہائش گاہ میں چلے گئے۔ شعبہ رہائش کے ناظم مکرم محمد عبداللہ صاحب تھے۔ آپ نے بہت اچھے طریق سے رہائش کے لئے کمرے اَلاٹ کئے۔ اس سنٹر میں رہائش کے لئے ایک کمرہ 5 افراد پر مشتمل ہے۔ اچھے اور صاف ستھرے بیڈ تھے۔ اور اعلیٰ ہیٹنگ سسٹم موجود تھا۔ یہ جگہ فیوجی پہاڑ کے دامن میں واقع ہے اس لئے سردی تھی۔

3 نومبر کی صبح کا آغاز نماز تہجد سے ہوا جو مکرم حافظ محمد امجد صاحب عارف نے پڑھائی۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے تمام اطفال، خدام اور انصاراللہ اس میں شامل ہوئے۔ نماز فجر کے بعد درس مکرم انیس احمد صاحب ندیم نے دیا۔ پھر انفرادی تلاوت قرآن کی گئی۔ پھر کچھ لوگ سیر کیلئے نکل گئے۔ کچھ آرام کیلئے اپنے کمروں میں چلے گئے۔ ناشتہ صبح آٹھ بجے تھا۔ سب افراد نے ناشتہ کیا۔ اس کے بعد سب انصار مقام اجتماع پر مقررکردہ ہال میں اکٹھے ہوگئے۔

پہلے اجلاس کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ پھر علمی مقابلہ جات کا آغاز ہو جس میں تلاوت قرآن کریم کا مقابلہ ہوا۔ اس کے بعد مقابلہ نظم اور فی البدیہ تقریر ہوا۔ یہ بہت ہی دلچسپ مقابلہ تھا۔ اس میں دومنٹ قبل ایک موضوع دیا گیا تھا۔ اس کے بعد مقرر اپنے موضوع پر خیالات کا اظہار کرتے۔ یہ مقابلہ بہت پسند کیا گیا۔ اس پروگرام کے بعد تمام انصار سپورٹس کے لئے گراؤنڈ میں اکٹھے ہو گئے۔ جہاں 100 میٹر کی دوڑ، پیدل سفر کا مقابلہ ہوا۔ یہ پروگرام بھی بہت دلچسپ تھا۔

اس کے بعد کھانے کا وقفہ ہوا۔ کھانا کھانے کے بعد سب احباب نمازوں کے لئے ہال میں اکٹھے ہو گئے۔ نماز ظہر وعصر ادا کرنے کے بعد مکرم انیس احمد صاحب ندیم نے درس دیا۔ اس کے بعد مقابلہ میوزیکل چیئرز اور آرم ریسلنگ ہوا۔

اس کے بعد شام کے کھانے کیلئے وقفہ ہوا۔ نماز مغرب وعشاء ادا کی گئیں۔ نماز کے بعد درس ہوا۔ اس کے بعد پرچہ نصاب ہوا۔

یہ بھی ایک دلچسپ پروگرام تھا۔ تمام انصار نے بہت شوق سے حصہ لیا۔ اس کے بعد مجلس عاملہ جاپان کا اجلاس ہوا اس کے بعد تمام انصار کی خدمت میں گرم گرم چائے پیش کی گئی۔ جس کا انتظام مکرم حامد بیگ صاحب نے کیا۔

4 نومبر کا آغاز بھی نماز تہجد سے ہوا۔ نماز فجر کے بعد درس ہوا۔ مکرم انیس احمد صاحب ندیم نے درس میں خلافت جوبلی کی دعائیں یاد کروائیں۔ انفرادی تلاوت کے بعد سب انصار نے اپنے اپنے کمروں کی صفائی کی اور کمرے سنٹر والوں کے حوالے کردئے۔

پھر سب انصار ناشتے کے لئے جمع ہوگئے۔ ناشتے کے بعد ہمارا آخری اجلاس 10 بجے شروع ہوا۔ یہ اجلاس بھی خدام اور انصار کا ایک ساتھ ہی ہوا۔ تلاوت اور نظم کے بعد دونوں تنظیموں کے عہد دہرائے گئے۔ جو محترم صدر صاحب انصاراللہ مکرم مبشر احمد صاحب زاہد نے دہرائے۔

اس کے بعد مکرم حافظ محمد امجد صاحب عارف ناظم اعلیٰ اجتماع نے رپورٹ پیش کی۔

اس کے بعد مکرم اَنیس احمد صاحب ندیم نے تقریر کی۔ آپ نے آپس میں پیار محبت سے مل جُل کر ترقی کرنے کی تلقین کی۔

اس کے بعد محترم مبشر احمد زاہد صاحب صدر مجلس انصاراللہ جاپان سٹیج پر تشریف لائے اور اجتماع میں شامل ہونے والوں کا شکریہ ادا کیا۔

آخر میں نیشنل صدر صاحب نے دعا کروائی۔

اس کے بعد نیشنل صدر صاحب جاپان محترم محمد یوسف ڈار صاحب نے خدام اور انصار میں انعامات تقسیم کئے۔

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

نکاح

❁ مکرم ریاض محمود باجوہ صاحب مربی سلسلہ دفتر شعبہ تاریخ احمدیت ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے بھتیجے مکرم وسیم ناصر باجوہ صاحب ابن مکرم ناصر احمد باجوہ صاحب مرحوم چونڈہ ضلع سیالکوٹ کے نکاح کا اعلان ہمراہ مکرمہ شیخ شاہدہ محمود صاحبہ بنت مکرم شیخ ظفر محمود صاحب جرمنی مبلغ چھ ہزار یورو حق مہر پر مکرم چوہدری مبارک مصلح الدین احمد صاحب وکیل التعلیم تحریک جدید ربوہ نے مورخہ 28 دسمبر 2007ء کو بعد نماز عصر بیت المبارک ربوہ میں کیا۔ مکرمہ شاہدہ محمود صاحبہ مکرم شیخ محمود احمد صاحب دادوسندھ کی پوتی اور مکرم شیخ حمیداللہ صاحب کینیڈا کی نواسی ہیں۔ آپ کے والد محترم شیخ ظفر محمود صاحب جرمنی میں اپنے حلقہ کے ریجنل قائد مجلس خدام الاحمدیہ ہیں۔ اسی طرح مکرم وسیم ناصر باجوہ صاحب حضرت چوہدری محمد علی پٹواری صاحب مرحوم چونڈہ رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے ہیں نیز آپ مکرم چوہدری شہباز خان صاحب باجوہ مرحوم کے پوتے، مکرم مظفر احمد باجوہ صاحب ایڈووکیٹ مرحوم سابق امیر حلقہ چونڈہ ضلع سیالکوٹ اور مکرم منور احمد باجوہ صاحب جرمنی کے بھتیجے، چوہدری محمود احمد کاہلوں صاحب مرحوم چک چھور مغلیاں کے نواسے اور مکرم چوہدری رشید محمود کاہلوں صاحب سٹور افسر شیزان فیکٹری لاہور کے بھانجے ہیں احباب جماعت سے اس رشتہ کے ہر لحاظ سے بابرکت ہونے کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

شکریہ احباب

❁ مکرم سید افتخار احمد صاحب کارکن دفتر فضل عمر فاؤنڈیشن تحریر کرتے ہیں۔

مکرم میاں حسام الدین صاحب ایڈووکیٹ آف مردان ان تمام احباب جماعت کے دل کی گہرائیوں سے شکرگزار ہیں جنہوں نے ان کے ٹریفک حادثہ میں زخمی ہونے اور بعدہ آپریشن کے موقع پر عیادت کی خاطر خطوط لکھے ٹیلی فون کئے یا بنفس نفیس تشریف لائے۔ اللہ تعالیٰ ان سب احباب کو اپنے فضلوں سے نوازے۔ آمین

درخواست دعا

☆ خدا تعالیٰ کی راہ میں قید کئے جانے والے مختلف احباب جماعت کی باعزت رہائی کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان اسیران راہ مولیٰ کو اپنی حفظ وامان میں رکھے اور ان کو ہر قسم کی پریشانی سے بچائے۔ آمین

وقف عارضی کا روحانی ماحول

❁ مکرم سعید احمد صاحب نائب زعیم اعلیٰ گلشن جامی کراچی نے ماڈل کالونی کراچی میں وقف عارضی کی توفیق پائی۔ وہ اپنی تفصیلی رپورٹ میں لکھتے ہیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی وقف عارضی کی تحریک حقیقت میں روحانی تحریک ہے جو اس میں شامل ہوتا ہے ایک روحانی ماحول میں داخل ہو جاتا ہے خاکسار نے بھی بذات خود اس کا مشاہدہ کیا ہے یہ دو ہفتے کا پروگرام بہت مفید ہے اور رمضان المبارک کی طرح ٹائم ٹیبل کے مطابق ہر کام کرنے کی توفیق پائی یعنی تلاوت قرآن اور مطالعہ کتب حضرت مسیح موعود اور دیگر نفلی عبادات کو باقاعدگی سے ادا کرنے کی توفیق ملی۔ آخر میں ایک عجیب نشان دیکھا کہ میری (ناقہ) یعنی بائیسکل جو روزانہ میرے استعمال میں رہتی ہے اس کو ہر دو روز کے بعد ٹائر میں ہوا بھرنی پڑتی تھی لیکن وقف عارضی کے دو ہفتے کے دوران شروع دن سے ہوا بھری ہوئی آج تک بدستور چل رہی ہے۔ یہ روحانی کیفیت کا اثر معلوم ہوتا ہے۔ وقف عارضی پر روزانہ 10 کلومیٹر کا فاصلہ بائیسکل پر طے کرتا رہا۔

(مرسلہ: قائد تعلیم القرآن ووقف عارضی مجلس انصاراللہ پاکستان)

بیوت الذکر کی تعمیر

❁ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے خطبہ جمعہ 11 نومبر 2005ء میں فرمایا:

عموماً (بیوت الذکر) کی ایک مدہونی چاہئے۔ اس میں جب بچے پاس ہو جائیں تو اس وقت یا کسی اور خوشی کے موقع پر اللہ تعالیٰ کے گھر کی تعمیر میں چندہ دیا کریں۔ اب تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے دنیا کے کونے کونے میں بے شمار احمدی بچے امتحانوں میں پاس ہوتے ہیں۔ اگر ہر سال ذیلی تنظیمیں اس طرف توجہ دیں ان کو کہیں اور جماعتی نظام بھی کہے اس موقع پر وہ اس مد میں اپنے پاس ہونے کی خوشی میں چندہ دیا کریں تو جہاں وہ اللہ تعالیٰ کا گھر بنانے کی خاطر مالی قربانی کی عادت ڈال رہے ہوں گے۔ وہاں اس وجہ سے اللہ تعالیٰ کا فضل سمیٹتے ہوئے اپنے مستقبل بھی سنوار رہے ہوں گے۔ والدین بھی اس بارے اپنے بچوں کی تربیت کریں اور انہیں ترغیب دلائیں تو اللہ تعالیٰ ان والدین کو بھی خاص طور پر اس ماحول میں بہت سی فکروں سے آزاد فرمائے گا۔

(روزنامہ الفضل 23 فروری 2006ء)

اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق سعید عطا فرمائے۔ آمین

(وکیل المال اول تحریک جدید)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

رپورٹ: نیشنل سیکرٹری تربیت نومبائعین

جلسہ سالانہ مستورات بر موقع جلسہ سالانہ جرمنی 2007ء

قرآن کریم کی تعلیم پر عمل کرنے کے لئے احمدی عورتوں کو اپنی عبادتوں کے معیار کو بڑھانے اور اپنی ذمہ داریوں کو نبھانے کے لئے ایک مجاہدہ کی ضرورت ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللّٰہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا مستورات سے خطاب

32واں جلسہ سالانہ جماعت احمدیہ جرمنی

32واں جلسہ سالانہ جرمنی 31/اگست تا 2/ستمبر 2007ء من ہائم مئی مارکیٹ میں بخیر وخوبی منعقد ہوا۔ جلسہ گاہ مستورات کی تیاری کا کام ناظمہ اعلیٰ صدر لجنہ اماء اللہ جرمنی کی زیرنگرانی کئی ماہ قبل شروع ہوا۔ سب سے پہلے جلسہ کی انتظامی کمیٹی تشکیل دی گئی جس میں 6 نائب ناظمات اعلیٰ اور 46 ناظمات شامل تھیں۔ ہر نائب ناظمہ اعلیٰ کے تحت کچھ شعبے دیئے گئے تھے جن پر وہ نگران تھی۔ جلسہ کمیٹی کی ایک میٹنگ بھی منعقد ہوئی جس میں تمام شعبہ جات کی پلاننگ اور کام کے طریقہ کار کا جائزہ لیا گیا۔

جلسہ گاہ کی تیاری کا کام جلسے سے چند دن قبل شروع کیا گیا نیز جلسہ گاہ اور سٹیج کی تزئین و آرائش کا کام بھی کیا گیا۔ جلسہ کی تمام کارروائی مردانہ جلسہ گاہ سے ریلے کی جاتی رہی اور اس دوران تمام شعبے احسن انداز سے اپنی اپنی ذمہ داری ادا کرتے رہے۔ ہفتہ کے روز مستورات کی جلسہ گاہ میں الگ پروگرام منعقد ہوا۔ جس میں تین تقاریر ہوئیں اور اس اجلاس کی صدارت حرم مبارک حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز حضرت صاحبزادی امۃ السبوح بیگم صاحبہ مدظلہا العالی نے کی۔ اس جلسہ کی خاص بات یہ ہے کہ اس میں پہلی مرتبہ غیر از جماعت خواتین کے لئے الگ سے جرمن زبان میں مجلس سوال و جواب منعقد کی گئی۔ اس قسم کی دو مجالس سوال و جواب ہفتہ اور اتوار کے روز ہوئیں جن میں 40 سے زائد غیر از جماعت خواتین شامل ہوئیں۔ جلسہ کے دوران مختلف میٹنگز بھی منعقد ہوئیں جن میں ایک میٹنگ احمدی طالبات کی ہوئی اس کے علاوہ سیکرٹریان تعلیم و معاونات وقف نو کی بھی الگ میٹنگز ہوئیں۔ جلسہ کی اختتامی دعا کے بعد جرمن احمدی خواتین اور نومبائعات کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ ایک خصوصی ملاقات ہوئی۔ جس میں حضور اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ اپنی حرم سیدہ امۃ السبوح بیگم صاحبہ کے ہمراہ رونق افروز ہوئے۔ جلسہ میں گیارہ ہزار مرد اور چودہ ہزار سے زیادہ خواتین نے شمولیت کی۔ جلسہ سالانہ کے بعد وائنڈ اپ کے دوران بھی چند خواتین نے جلسہ گاہ کی صفائی کے کام میں مدد کی۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ تمام شاملین کو جلسہ کی برکات سے مستفیض فرمائے نیز تمام کارکنات کو بہترین جزا عطا فرمائے۔ آمین

حضور انور کا خطاب

جلسہ سالانہ کے مبارک ایام میں سے درمیان والا دن مستورات کے لئے خاص اہمیت کا حامل ہوتا ہے کیونکہ اس دن حضرت اقدس خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ تعالیٰ مستورات کی طرف بنفس نفیس تشریف لا کر خصوصی تربیتی موضوع پر خطاب فرماتے ہیں۔ چنانچہ امسال بھی صبح سویرے ہی مارکی لجنہ ممبرات سے کھچا کھچ بھر گئی پچھلے سال کی طرح اس دفعہ بھی لجنہ ممبرات کے لئے دو علیحدہ علیحدہ مارکیز کا انتظام کیا گیا تھا۔ ایک مارکی میں چھوٹے بچوں والی ممبرات تھیں اور دوسری مارکی میں باقی تمام ممبرات بیٹھ سکتی تھیں۔ بارہ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ لجنہ کی مارکی میں تشریف لائے اور اس کے ساتھ ہی اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ نظم کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے گزشتہ تین سالوں کے دوران سکولز، کالجز اور یونیورسٹیز میں نمایاں تعلیمی کامیابیاں حاصل کرنے والی طالبات کو اسناد دیں جبکہ حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا العالی نے طالبات کو میڈلز پہنائے۔

تعلیمی ایوارڈز کی تقسیم کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے مستورات سے خطاب فرماتے ہوئے عورتوں کو قرآن کریم کے احکامات کی پیروی کرنے، پردہ کی پابندی، فضول خرچی سے بچنے، بچت کر کے اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنے، برلن بیت کے لئے عورتوں کی مثالی قربانیوں کا ذکر فرماتے ہوئے حضرت مسیح موعود کے ساتھ باندھے ہوئے عہد بیعت کا پاس رکھتے ہوئے اپنی اور اپنی اولاد کی احسن رنگ میں تربیت کرنے کی تلقین فرمائی نیز جلسہ سالانہ کے دنوں میں پروگراموں کو پوری توجہ سے سننے اور اپنے تربیتی اور روحانی معیار کو بلند کرنے کی طرف خصوصی توجہ دلائی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا یہ روح پرور خطاب ایم ٹی اے کی وساطت سے براہ راست مردانہ جلسہ گاہ اور دنیائے احمدیت کے ساتھ ساتھ دنیا بھر میں سنا اور دیکھا گیا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اور تمام ممبرات کو ہمیشہ دینی پروگراموں کو خاموشی اور توجہ سے سننے اور عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے خطاب کے بعد نماز ظہر و عصر ہوئیں اور پھر وقفہ برائے طعام ہوا۔ چار بجے بعد دوپہر جلسہ گاہ مستورات میں حضرت سیدہ صاحبزادی امۃ السبوح بیگم صاحبہ حرم حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی زیر صدارت لجنہ اماء اللہ کا پروگرام منعقد ہوا۔ تلاوت و نظم کے بعد محترمہ قرۃ العین گردیزی صاحبہ نیشنل سیکرٹری دعوت الی اللہ نے ''حضرت خدیجہؓ کی پاکیزہ سیرت کے واقعات'' کے عنوان سے جرمن زبان میں تقریر کی اور اس کا اردو ترجمہ مکرمہ ریحانہ بشریٰ صاحبہ نے پیش کیا۔

اس اجلاس کی دوسری تقریر مکرمہ زوباریہ احمد صاحبہ نیشنل سیکرٹری تعلیم نے کی آپ کی تقریر کا موضوع ''دین میں عائلی زندگی اور خواتین کی ذمہ داریاں'' تھا۔ جس میں گھروں کو جنت نشان بنانے کے دینی طریق بیان کئے اور اس سلسلے میں عورتوں کو خاص طور پر ان کے فرائض کی یاددہانی کروائی۔

پروگرام نومبائعات

مورخہ 2 ستمبر بروز اتوار دوپہر کے وقت بر موقع جلسہ سالانہ جرمنی شعبہ نومبائعات کو اطلاع ملی کہ حضور اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ پیارے آقا ایدہ اللہ تعالیٰ تمام نومبائعات جنہوں نے گزشتہ ایک سال کے عرصہ میں بیعت کی ہے اور جو جرمن احمدی خواتین ہیں وہ نئی احمدی ہوئی ہیں یا پرانی ان سب سے ملاقات کرنا چاہتے ہیں۔ فوری طور پر اس ملاقات کے انتظامات مکمل کئے گئے۔ جلسہ سالانہ کی اختتامی دعا کے بعد حضور اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ بھی تشریف لائے جہاں انتظام کیا گیا تھا۔ حضور اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ کے ہمراہ حضرت بیگم صاحبہ بھی تشریف لائیں۔ محترمہ نیشنل صدر صاحبہ لجنہ جرمنی بھی اس موقع پر موجود تھیں۔

اس ملاقات میں کل 55 خواتین اور ان کے بچوں نے شرکت کی۔ جن میں سے 7 خواتین نومبائعات ایک زیر دعوت لڑکی جس کی عمر 15 سال تھی اور 47 جرمن احمدی بہنوں نے شرکت کی۔ سب سے پہلی لائن میں حضور اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ کے سامنے تمام وہ لڑکیاں بیٹھی تھیں جنہوں نے گزشتہ ایک سال کے عرصہ میں بیعت کی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے ان سب کا تعارف پوچھا جنہوں نے نئی بیعت کی تھی۔ ان میں ایک نئی احمدی لڑکی جس نے تین ہفتے قبل بیعت کی تھی اس کا تعارف ہوا تو حضور انور ایدہ اللہ نے ارشاد فرمایا کہ ''تم احمدیت کی سب سے کم عمر بے بی ہو''۔ حضور اقدس نے پھر ان سب سے فرداً فرداً تعارف لیا اور پوچھا کہ ''کب سے احمدیت میں شامل ہیں اور کس کے ذریعے احمدیت کی طرف آئیں؟'' پھر ان سے پوچھا کہ ''آپ کے والدین کا کیا ردعمل ہوتا ہے''۔ اس پر ایک نئی احمدی ترکی لڑکی نے بتایا کہ ''میرے والد صاحب کے لئے ایک شاک تھا مگر پھر آہستہ آہستہ انہوں نے اس حقیقت کو قبول کر لیا''۔ پھر باقی ممبرات نے بھی اسی طرح کے تجربات بیان کئے۔ ایک احمدی لڑکی جس نے 6 ماہ قبل احمدیت قبول کی ہے اس نے بہت اچھا پردہ کیا ہوا تھا پورا نقاب پہنا ہوا تھا اس سے حضور اقدس ایدہ اللہ نے دریافت فرمایا کہ ''تم Pure جرمن ہو''۔ اس نے کہا ''جی'' حضور اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ''بہت اچھا نقاب لیا ہوا ہے یہ نقاب پہننا کہاں سے سیکھا ہے؟ اس طرح نقاب لینا پردہ کرنا اب آپ لوگوں نے پاکستانیوں کو سکھانا ہے کیونکہ وہ اپنا پردہ چھوڑ رہی ہیں اور آپ اپنا رہی ہیں''۔

صدر صاحبہ لجنہ جرمنی نے ایک زیر دعوت لڑکی جس کی عمر 15 سال ہے اس کا تعارف کروایا۔ حضور اقدس نے دریافت فرمایا کہ ''بیعت کرنے میں اب کیا رکاوٹ ہے؟ تمہاری فیملی یا پھر تم 5 سال انتظار کرنا چاہتی ہو؟''۔

پھر حضور اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ نے دریافت فرمایا کہ ''کتنی خواتین کے خاوند پاکستانی ہیں؟''۔ اس پر اکثریت نے ہاتھ کھڑے کئے تو حضور انور ایدہ اللہ نے فرمایا کہ ''کیا آپ کے خاوند جماعت احمدیہ کی تعلیم پر عمل کرنے والے ہیں؟ نمازوں کے پابند ہیں؟ اگر نہیں تو آپ نے ان کو اب دین کی طرف لے کر آنا ہے''۔

ایک جرمن خاتون نے بتایا کہ ''میرے تین بچے ہیں اور تینوں وقف ہیں۔ میں ان کی کس رنگ میں تربیت کروں؟ ان کو کیا پیشہ اختیار کرانا چاہئے؟''۔ حضور اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ''بچوں کے رجحان کو دیکھتے ہوئے مناسب فیصلہ کریں''۔ سیکرٹری نومبائعات وہاں حضرت آپا جان صاحبہ کے قریب کھڑی تھیں۔ ایک نومبائع لڑکی جس کے نقاب کو حضور اقدس نے پسند فرمایا اس کا نام Dalila ہے اس نے سیکرٹری صاحبہ سے کہا کہ ''آپ حضور اقدس سے پوچھیں کیا کیا ہم یہاں حضور اقدس کے ساتھ بیعت کر سکتے ہیں''۔ انہوں نے یہ بات محترمہ سیدہ آپا جان صاحبہ کو بتائی۔ حضرت آپا جان صاحبہ نے حضور انور ایدہ اللہ کو بتایا کہ ''یہ یہاں بیعت کرنی چاہ رہی ہیں''۔ اس پر حضور اقدس ایدہ اللہ نے ان سب سے دریافت فرمایا کہ ''آپ Live بیعت میں شامل ہوئی تھیں''۔

انہوں نے کہا کہ ''جی حضور ہم لندن بھی گئے تھے اور وہاں بھی بیعت میں شامل ہوئے تھے''۔ جس پر ایک نومبائع خاتون دلیلہ صاحبہ نے خواہش کا اظہار کیا کہ ''ہم حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی یہاں موجودگی میں بیعت کرنا چاہتی ہیں''۔ تو حضور اقدس ایدہ اللہ نے ارشاد فرمایا کہ ''میں ایسا کرتا نہیں ہوں کہ لجنہ میں بیعت لوں۔ چونکہ یہاں پر میری بیوی میرے ساتھ ہے تو اس لئے یہ بات مان لیتا ہوں مگر اس کو روایت نہیں بنانا اور آئندہ سال اس کا اظہار نہ ہو''۔ ازراہ شفقت حضور اقدس ایدہ اللہ نے اپنی حرم محترمہ صاحبزادی امتہ السبوح بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کا ہاتھ پکڑا اور ان 7 نومبائع ممبرات نے محترمہ آپا جان مدظلہا العالی کا دوسرا ہاتھ اور بازو پکڑا اور باقی سب نے اس طرح قطار بنالی اور بیعت کی۔ یہ ایک انوکھی قسم کی بیعت تھی کیونکہ اس بیعت کے دوران ایک عجیب نظارہ دیکھنے کو ملا۔ ان سب کی ایسی جذباتی کیفیت تھی کہ سب کے آنسو جاری تھے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح بیعت کے الفاظ دہرا رہے تھے اور ہم سب حضور اقدس کے پیچھے دہرا رہی تھیں مگر اس میں سب کی سسکیاں اور رونے کی آوازیں شامل تھیں۔ ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیعت کے الفاظ دہراتے ہوئے انتہائی وارفتگی اور ایمانی جذبے کے ساتھ روتے ہوئے سارے ماحول میں روحانیت پھیلی ہوئی تھی۔ عجب روح پرور نظارہ تھا جس سے وہاں موجود ہر شخص مسحور ہو رہا تھا۔ ایسی کیفیت تھی جو لفظوں میں بیان کرنا بہت ہی مشکل ہے۔ سب کے جذبات کی بھی وہی کیفیت تھی جیسے آج پہلی بار بیعت کر رہی ہوں۔ سب نے بڑے درد سے خدا کے حضور گریہ وزاری کرتے ہوئے بیعت کی اور پھر حضور اقدس ایدہ اللہ نے دعا کروائی۔ دعا کے بعد حضور اقدس نے بچوں میں چاکلیٹ اور جو طالبات تھیں ان میں پین اور سب میں الیس اللہ کی انگوٹھیاں تقسیم کیں۔ حضور انور ایدہ اللہ کے ہاتھ میں جو حضرت مسیح موعود کی بابرکت انگوٹھی تھی اس کے بارے میں حضور اقدس نے ازراہ شفقت سب کو تفصیل سے بتایا اور سب کو قریب سے دکھائی۔ پھر جب حضور اقدس ایدہ اللہ مارکی سے واپس تشریف لے گئے تو اس وقت جو نظارہ تھا وہ بھی دیکھنے سے تعلق رکھتا تھا۔ سب چیخیں مار مار کر رو رہی تھیں ایک دوسرے سے خوشی سے گلے مل رہی تھیں اور خوشی کے مارے ان کا برا حال تھا انتہائی جذباتی کیفیت میں سب کہہ رہی تھیں کہ ''ہمیں ایسا لگ رہا ہے کہ ہمیں خدا مل گیا۔ ہم سب خوش قسمت ہیں کہ خداتعالیٰ نے ہمیں یہ نایاب اور قیمتی لمحات عطا کئے۔ جس نے ہماری زندگی بدل دی ہم اپنے اندر ایک روحانی تبدیلی محسوس کر رہی ہیں۔ سب سیکرٹری نومبائعات اور صدر لجنہ سے بھی جذباتی کیفیت میں گلے مل رہی تھیں اور شکریہ ادا کر رہی ہیں۔ ہم نے ان سے کہا کہ شکریہ تو ہمیں آپ سب کا ادا کرنا ہے آپ سب کی بدولت ہمیں بھی ان قیمتی لمحات کی برکتیں لینے کا موقع ملا۔ الحمدللہ۔

اس خوشی میں سب نے Dalila کو چومنا شروع کر دیا جس نے حضور اقدس ایدہ اللہ کی خدمت میں دستی بیعت کی درخواست کی تھی پھر جیسے سب کو ایک دم ہوش آیا کہ اصل شکر تو ہمیں اس ذات پاک کا کرنا ہے جو اس کائنات کا مالک ہے اس پر ان سب نے شکرانے کے نفل اور سجدے ادا کرنے شروع کر دیے اور رو رو کر خدا کے حضور شکر ادا کیا۔

جلسہ سالانہ جرمنی کی بے شمار برکتوں میں سے یہ ایک بہت بڑی برکت تھی جو ہمیں ملی اور انشاء اللہ اس طرح کی نیک روحیں خداتعالیٰ ہمیں عطا فرماتا چلا جائے گا۔ کیونکہ یہ خداتعالیٰ کا وعدہ ہے جو پورا ہو کر رہے گا۔ خدا کرے کہ ان برکتوں سے ہم اور ہماری نسلیں بھی حصہ پانے والی ہوں۔ خداتعالیٰ انہیں ثبات قدم عطا فرمائے اور ہمیں بڑھ چڑھ کر خداتعالیٰ کا پیغام دنیا میں پہنچانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

محترمہ سیدہ آپا جان صاحبہ سے نومبائعات کی ملاقات

حضور اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ کی بیت السبوح میں آمد کے اگلے روز مختلف ممالک کی نومبائعات جن میں عرصہ سے احمدیت میں شامل ممبرات بھی تھیں، ان سب کی حضرت آپا جان مدظلہا العالی سے ملاقات کرائی جس میں 16 ممبرات نے شرکت کی۔ یہ بہت اچھی بابرکت ملاقات تھی۔ اس میں ممبرات نے محترمہ آپا جان صاحبہ سے مختلف سوالات کئے جو تربیتی نوعیت کے تھے یا پھر حضرت آپا جان مدظلہا العالی کی ذاتی زندگی سے متعلق تھے۔ محترمہ آپا جان صاحبہ نے ازراہ شفقت بڑی تفصیل سے ہر سوال کا جواب دیا۔ بعد میں ان نومبائع بہنوں کے تاثرات یہ تھے کہ ''ہمیں تو معلوم ہی نہیں تھا کہ محترمہ آپا جان اتنی پرکشش شخصیت کی مالک ہیں۔ ان کا چہرہ اتنا پرنور ہے کہ دل کرتا ہے ان سے باتیں کرتے جائیں۔ ان کی باتوں سے ہم نے بہت کچھ سیکھا ہے''۔

اس میٹنگ میں چونکہ دور دور کے علاقوں میں رہنے والی بہنیں شامل نہیں ہو سکی تھیں اس لئے ان کی خاطر خاکسار نے محترمہ آپا جان صاحبہ کی خدمت میں یہ درخواست کی کہ ''اگر ممکن ہو تو محترمہ آپا جان مدظلہا العالی جلسہ کے موقع پر اپنے قیمتی وقت میں سے تھوڑا سا وقت نکال کر ہمیں دیں تاکہ ان بہنوں سے بھی ملاقات ہو سکے''۔ اس پر حضرت آپا جان صاحبہ نے خوشی کا اظہار کیا اور اس کی اجازت دے دی۔ اس پر خاکسار نے محترمہ صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ جرمنی کے ذریعے حضرت مسیح موعود کے خاندان باقی خواتین جو اس جلسہ سالانہ پر تشریف لائی ہوئی تھیں ان کو بھی اس میٹنگ میں شامل ہونے کی دعوت دی۔ مورخہ یکم ستمبر 2007ء کو جلسہ سالانہ کے دوسرے روز شام 7 بجے یہ ملاقات ہوئی اس موقعہ پر آپا جان مدظلہا العالی کے ہمراہ حضور اقدس ایدہ اللہ کی صاحبزادی محترمہ امتہ الوارث فرح صاحبہ، ان کی بیٹی بھی، حضور اقدس ایدہ اللہ کی بہو محترمہ سیدہ ھبۃ الرؤف صاحبہ، حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی بڑی صاحبزادی محترمہ شوکت جہاں صاحبہ، محترمہ صاحبزادی امتہ الرقیب صاحبہ، محترمہ صاحبزادی نصرت جہاں صاحبہ اور ان کی بیٹی تشریف لائیں۔

اس ملاقات میں 65 کی تعداد میں مختلف ممالک کی احمدی خواتین جو جرمنی میں مقیم ہیں اور نومبائعات نے شرکت کی ان سب نے محترمہ آپا جان صاحبہ مدظلہا العالی سے مصافحہ کیا۔ جرمن زبان میں ترجمانی کا بھی انتظام تھا۔ محترمہ آپا جان مدظلہا العالی نے سب سے پہلے حضرت مسیح موعود کے خاندان کی سب خواتین کا تعارف کروایا۔ پھر بہنوں نے محترمہ آپا جان صاحبہ سے مختلف قسم کے سوالات پوچھتے ہوئے بچوں کی تربیت کے حوالے سے رہنمائی لی۔ حضرت آپا جان صاحبہ نے ازراہ شفقت سب سوالوں کا بڑا تفصیلی جواب دیا۔ اس طرح یہ میٹنگ بڑے خوشگوار ماحول میں اختتام پذیر ہوئی۔ میٹنگ کے اختتام پر محترمہ نصرت جہاں صاحبہ سے ایک نومبائع خاتون نے لپٹ کر زار و قطار رو کر اپنے دکھ کا اظہار کیا تو انہوں نے بڑی محبت سے اس کو سمجھایا۔

اس ملاقات کے بعد سب نومبائعات اور باقی سب احمدی خواتین بہت زیادہ خوش تھیں۔ سب نے کہا کہ ''ہمیں پہلی دفعہ حضرت مسیح موعود کے خاندان کی خواتین کو اتنے قریب سے دیکھنے اور ملاقات کرنے کا موقع ملا ہے''۔

محترمہ سیدہ آپا جان صاحبہ مدظلہا العالی نے بھی بہت خوشی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا ''مجھے تو معلوم ہی نہیں تھا کہ جرمنی میں اتنی بڑی تعداد نومبائعات اور مختلف ممالک کی احمدی خواتین کی ہے۔ میں تو سمجھتی تھی کہ یہاں صرف چند نئے احمدی ہیں''۔

(الفضل انٹرنیشنل 9 نومبر 2007ء)

مومنوں کی بنیادی صفت

جو لوگ غیب پر ایمان لاتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم انہیں رزق دیتے ہیں اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ (البقرہ:4)

اور جو اپنے رب کی آواز پر لبیک کہتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور ان کا امر باہمی مشورہ سے طے ہوتا ہے اور اس میں سے جو ہم نے انہیں عطا کیا خرچ کرتے ہیں۔ (الشوریٰ:39)

یقیناً وہ لوگ جو کتاب اللہ پڑھتے ہیں اور نماز کو قائم کرتے ہیں اور اس میں سے جو ہم نے ان کو عطا کیا ہے پوشیدہ بھی خرچ کرتے ہیں اور اعلانیہ بھی وہ ایسی تجارت کی امید لگائے ہوئے ہیں جو کبھی تباہ نہیں ہوگی۔ تاکہ وہ ان کو ان کے اجور (ان کی توفیق کے مطابق) بھرپور دے بلکہ اس سے بھی زیادہ انہیں اپنے فضل سے بڑھائے۔ یقیناً وہ بہت بخشنے والا (اور) بہت قدردان ہے۔ (فاطر:31,30)

کام کی باتیں

نہاری کی لذت بڑھانے کے لئے

اگر نہاری بناتے وقت اس میں آٹے کی جگہ بھُنے ہوئے چنوں کو باریک پیس کر ڈالا جائے تو نہاری کی رنگت بھی اچھی ہوگی اور ذائقہ بھی بہترین ہوگا۔

تیل کے چھینٹے

تیل کو گرم کرتے ہی فوراً ایک چٹکی نمک یا میدہ ڈال دیں تو تیل کے چھینٹے نہیں اچھلیں گے۔

زردی کو تازہ رکھنے کے لئے

انڈے کی زردی کو پیالی میں ڈال کر، اوپر سے ٹھنڈا پانی ڈال کر فریج میں رکھ دیں۔ زردی بالکل تازہ رہے گی۔

ٹماٹر تازہ رکھنا

اگر ٹماٹروں کے سروں پر تھوڑا سا موم لگا کر رکھ دیں تو کئی دنوں تک تازہ رہیں گے۔

ڈبل روٹی کا چُورا حاصل کرنا

ڈبل روٹی کا فوری اور تازہ چُورا حاصل کرنے کے لئے ڈبل روٹی کے سلائسز کے کنارے کاٹیں اور فوڈ پروسیسر یا بلینڈر میں ڈال کر آٹھ سیکنڈ کے لئے مشین چلائیں۔

کباب اور برگر بنانا

کباب اور برگر بنانے کے لئے ہمیشہ ہاتھ گیلے کر لیا کریں۔

میدے کی بیکنگ کا استعمال

فریج میں رکھے ہوئے میدے کو بیکنگ میں استعمال ہونے سے پہلے کم از کم ایک گھنٹے کے لئے روم ٹمپریچر میں رکھیں۔

گرم مصالحہ کا استعمال

گرم مصالحہ جتنا زیادہ باریک پسا ہو، استعمال میں اتنا ہی بہترین ہوگا۔

ٹماٹر کا چھلکا اتارنے کے لئے

ٹماٹر کا چھلکا اتارنے کے لئے پہلے آدھے منٹ تک اس کو ابلتے پانی میں رکھیں۔ پھر ٹھنڈے پانی میں ڈال کر چھلکا اتار لیں۔ آسانی سے اتر جائے گا۔

☆☆☆

ب۔م سید

میری والدہ مکرمہ استانی زبیدہ بیگم صاحبہ

میری پیاری امی محترمہ استانی زبیدہ بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم بشیر احمد صاحب شمس مورخہ 17 جولائی 2007ء کو تقریباً 80 سال کی عمر میں اپنے خالق حقیقی سے جاملیں۔

بلانے والا ہے سب سے پیارا
اسی پہ اے دل تو جاں فدا کر

آپ 29 مئی 1928ء کو گجرات کے گاؤں رجوعہ میں پیدا ہوئیں آپ کے والد حکیم غلام حسن صاحب قادیان میں لائبریرین تھے۔ آپ قادیان سے میٹرک کر کے پاکستان آئیں اور 21 سال کی عمر میں نصرت گرلز ہائی سکول ربوہ میں تدریس کے فرائض سرانجام دینے شروع کئے اور 37 سال تک شعبہ تدریس سے وابستہ رہیں آپ نے سارا وقت نہایت محنت لگن اور دیانتداری سے پڑھایا۔ کولیگز میں آپ کی بہت عزت اور قدر تھی آپ کی شاگردوں کی محبت ہمیشہ آپ سے قائم رہی آپ اپنے حلقہ احباب میں بہت ہردلعزیز تھیں تعلیم سے اتنا لگاؤ تھا کہ سکول سے سوائے اشد مجبوری کے کبھی چھٹی نہ کی مجھے یاد ہے کہ اگر کبھی طبیعت خراب ہوتی ہم چھٹی کا کہتے تو ان کا کہنا تھا نہیں لڑکیوں کی تعلیم کا حرج ہوگا۔ میرے ابا جان کہتے انہیں سکول جانے دیں وہاں جا کر ٹھیک ہو جائیں گی اور ایسا ہی ہوتا خراب طبیعت کے ساتھ جاتیں اور واپسی پر ہشاش بشاش ہوتیں ان کے زمانے میں لڑکیاں ہمیشہ وظیفہ لیتیں اور رزلٹ سو فیصد ہوتا۔

میری امی نے ساری زندگی انتھک محنت کی دوہری ذمہ داریاں نبھائیں سکول کی بھی اور گھر کی بھی اور دونوں جگہ مثالی کردار ادا کیا جو ایک روشن مثال ہے۔ ہمارے گھر میں ہمیشہ تعلیم کے سلسلہ میں رشتہ داروں کا کوئی نہ کوئی بچہ ضرور رہا ان سے ہمیشہ اپنے بچوں جیسا سلوک کیا وہ سب اس بات کے گواہ ہیں کہ انہیں کبھی گھر کی کمی محسوس نہ ہوئی۔ میرے چھوٹے ماموں جن کی عمر اپنے والدین کی وفات کے وقت صرف دس سال کی تھی امی کے زیر سایہ رہے امی نے ہی انہیں پالا پوسا اور زیور تعلیم سے آراستہ کیا وہ انہیں ہمیشہ اپنی ماں کا درجہ دیتے رہے۔

امی کی طبیعت میں نیکی کا عنصر کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا نماز، روزہ کی سختی سے پابند تھیں سوائے آخری ایک رمضان کے (بیماری کی وجہ سے) میں نے انہیں ساری عمر رمضان کے پورے روزے رکھتے ہی دیکھا۔ مئی، جون کی چلچلاتی گرمی بھی ان کے پائے استقلال میں لغزش نہ لاسکی روزوں میں تہجد اور نوافل کا التزام کرتیں۔ سکول کے زمانے میں ہمیں رمضان میں صبح کی نماز کے لئے بیت المبارک میں لے کر جاتیں دوپہر کو درس القرآن میں شرکت کرواتیں پھر رات کو تراویح کے لئے بھی بیت المبارک لے کر جاتیں اور ہمیشہ خدا تعالیٰ کا شکر ادا کرتیں کہ اس نے ہمیں خلافت اور احمدیت کی نعمت سے سرفراز کیا ہے کہ ساری برکتیں اسی سے ہیں۔ گرمیوں کی چھٹیوں میں جب تعلیم القرآن کلاس لگتی تو سالہا سال انہوں نے کلاس اٹینڈ کی اور نہایت اعلیٰ نمبروں سے کامیابی حاصل کی۔ ایسی مجالس جہاں خدا اور رسول کا ذکر ہوتا وہ ان کی روح کی غذا ہوتی۔

جب جلسہ سالانہ منعقد ہوا کرتا تھا تو اس وقت ہمارے گھر میں اتنے مہمان آتے کہ تل دھرنے کو جگہ نہ ملتی آپ نہایت بشاشت اور خندہ پیشانی سے تمام مہمانوں کے ٹھہرنے کا بندوبست کرتیں ماہ دسمبر کے شروع ہوتے ہی جلسہ کی تیاری میں لگ جاتیں اور جب جلسہ ہوتا تو سارے کام چھوڑ چھاڑ کر ہم سب کو لے کر جلسہ گاہ میں تمام تقاریر سنتیں۔ MTA سے بھی خاص لگاؤ تھا ساتھ ساتھ ذکر الٰہی اور درود شریف تسبیحات جاری رہتیں میں نے ہمیشہ ان کے لب ملتے ہی دیکھے۔

خلافت اور احمدیت سے والہانہ عشق تھا قرآن پاک کا بہت سا حصہ حفظ تھا نمازیں نہایت خشوع و خضوع سے ادا کرتیں اور ان میں لمبی لمبی سورتیں پڑھتیں دینی کتب کے مطالعہ کا بھی بہت شوق تھا اور روزنامہ الفضل کا تو شدت سے انتظار رہتا جب تک شروع سے لے کر آخر تک لفظ بہ لفظ پڑھ نہ لیتیں ان کی تسلی نہ ہوتی۔ یہی وجہ ہے کہ ہمیں بھی مطالعہ کی عادت گھٹی میں پڑی ہوئی ہے ہمارے گھر میں خدا کے فضل سے 1960ء سے لے کر آج تک الفضل اخبار جاری ہے۔

آپ نہایت ملنسار، خوش مزاج اور زندہ دل تھیں ہمیں اپنی زندگی کے مختلف واقعات بہت دلنشیں پیرائے میں سناتیں۔ ٹیچر ہونے کے ناطے اشعار، محاورے، ضرب المثل اور کہاوتیں ازبر تھیں جو موقع کی مناسبت سے واقعات میں سناتیں تو لطف دوبالا ہو جاتا۔ ذوق شاعری بھی تھا یادداشت بہت اچھی تھی اپنی پرانی نظمیں ہمیں سناتیں اور ہم بہت محظوظ ہوتے ہمیں بچپن میں انبیاء کے سارے واقعات بہت ناصحانہ اور مشفقانہ انداز میں بہت لطیف اور مؤثر پیرائے میں سنائے۔

میری امی میں سستی نام کو نہ تھی سارے کام جلد جلد نمٹا لیتیں سوئی سلائی سے لے کر ہر کام میں طاق تھیں ہرفن مولا تھیں مجھے یاد ہے سکول کے زمانے میں ہم چاروں بہن بھائیوں کو رات کو بٹھا کر پڑھاتیں، فارغ بیٹھنا انہیں آتا ہی نہ تھا ساتھ ساتھ ہمیں پڑھا رہی ہوتیں ساتھ ساتھ نہایت تیزی سے سویٹر بن رہی ہوتیں۔ میرے بچوں کو بچپن میں نہایت خوبصورت، دیدہ زیب ڈیزائنوں کے بیشمار اونی سیٹ اور سویٹر اپنے ہاتھوں سے بنا کر دیئے۔ اس زمانے میں پلاسٹک کی تاروں کا رواج تھا۔ آپ نے ان سے بیشمار آرائشی ٹوکریاں اور پرس بنائے اس کے علاوہ اون سے بہت مضبوط ازار بند بناتیں۔

کھانا بہت مزے کا پکاتیں ان کے کھانے میں بے حد لذت تھی میرے بچوں کو ان کے ہاتھ کا پکا ہوا چکن کا سالن، پلاؤ، بیسنی اور میتھروں والی سبز روٹی آج بھی نہیں بھولی۔ ان کا کہنا ہے کہ نانی اماں کے کھانوں میں ایک انوکھی لذت تھی جو صرف انہی سے مخصوص تھی۔ 1951ء سے نوجوانی سے ہی نظام وصیت سے منسلک تھیں۔ تنخواہ ملتے ہی سب سے پہلے چندہ جات کی ادائیگی کرتیں بوقت وفات سب چندہ جات ادا شدہ تھے۔

آپ نہایت دعا گو اور مستجاب الدعوات تھیں۔ آپ کا خدا تعالیٰ کے ساتھ ایک زندہ تعلق تھا جو ساری عمر ساتھ رہا۔ ایسی سچی خوابیں آتیں کہ ہو بہو پوری ہو جاتیں خدا تعالیٰ کے ساتھ اتنا گہرا تعلق تھا کہ ان کی ایمان افروز اور روح پرور باتیں سن کر رشک آتا تھا اور روح تازہ ہو جاتی تھی۔

خدا تعالیٰ کی طرف سے دی گئیں سب بشارتیں اور وعدے پورے ہوئے جن کے ہم سب گواہ ہیں لیکن اس کے باوجود عاجزی اور انکساری کا دامن کبھی ہاتھ سے نہ چھوڑا خدا تعالیٰ کے در پر جھکی رہیں اور ہمیشہ کہتیں کہ یہ سب خدا کا فضل ہے۔

ہم چاروں بہن بھائیوں کو اعلیٰ تعلیم دلوائی۔ میں میٹرک میں تھی کہ جب مجھے کہا کہ خدا تعالیٰ نے مجھے بتایا ہے کہ تم ایم اے کرو گی اور ایسا ہی ہوا چھوٹی بہن فوزیہ فضل ربی لندن نے بھی ایم اے کیا ہوا ہے۔ بھائی ڈاکٹر حافظ فضل الرحمٰن بشیر آجکل مورو گورو تنزانیہ میں بطور انچارج احمدیہ میڈیکل سنٹر خدمات بجالا رہے ہیں چھوٹے بھائی طارق بشیر نے ایم ایس سی ایم فل کیا ہے اور ٹی آئی کالج ربوہ میں پروفیسر ہونے کے ساتھ ساتھ ہیڈ آف دی ڈیپارٹمنٹ بھی ہیں۔ بچوں کی تعلیمی کامیابیوں پر بہت خوش ہوتیں اس کے علاوہ میرے بچوں کی تعلیمی کامیابیوں پر ان کی خوشی کی انتہا نہ ہوتی بار بار خدا کا شکر ادا کرتے نہ تھکتیں کہ یہ سب خدا کا فضل ہے۔ تعلق باللہ کی وجہ سے قبل از وقت بچوں کی پیدائش سے لے کر تعلیمی کامیابیوں میں ان کے نمبرز اور پوزیشنز تک بتا دیتیں اور جب خدا تعالیٰ کی طرف سے ویسا ہی ہو جاتا تو خدا کے حضور سجدہ ریز ہو جاتیں کہ خدا کی کہی ہوئی بات پوری ہوئی میرے بھائی طارق بشیر کے ہاں شادی کے سات سال تک اولاد نہ ہوئی۔ امی جان نے خدا سے اطلاع پا کر بتایا کہ انشاء اللہ بیٹا ہوگا جس کا نام احمد ہوگا اور خدا نے اپنے فضل سے بیٹا عطا فرمایا حضور کو لکھا تو انہوں نے فرمایا احمد نام بہت پیارا ہے اور ساتھ سالک بھی رکھ دیا امی بہت خوشی سے بتایا کرتی تھیں کہ اس کا ایک نام احمد خدا نے رکھا ہے اور دوسرا سالک حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے ہمارا پیارا بھتیجا احمد سالک اپنی دادی اماں کی قبولیت دعا کا جیتا جاگتا ثمر ہے۔

امی جان نے ایک دفعہ بتایا کہ جب وہ JV کا امتحان دینے گئیں تو چونکہ میٹرک کئے کچھ عرصہ گزر چکا تھا اس لئے قدرتی طور پر فکر پیدا ہوئی کہ نجانے پیپر کتنا مشکل ہو کہتی تھیں کہ دعا کے نتیجہ میں خدا تعالیٰ نے بتایا کہ بغیر ٹیسٹ دیئے Selection ہو جائے گی اور واقعۃً ایسا ہی ہو گیا جبکہ تمام لڑکیوں کے ٹیسٹ ہوئے ممتحن نے آپ سے کہا کہ چونکہ آپ نے میٹرک اعلیٰ نمبروں سے کیا ہے اس لئے ٹیسٹ کی ضرورت نہیں اور ویسے ہی Selection ہوگئی۔ سکول کے زمانے کا ایک واقعہ سناتی تھیں کہ اس زمانے میں ٹیچرز کو سویٹر بنانے کا بہت شوق تھا ایک دن صبح آپ نے جا کر سب ٹیچرز سے کہا کہ آج کوئی بھی اونی سلائیاں ہاتھ میں نہ پکڑے میڈم کی طرف سے پوچھ پکڑ ہونے والی ہے۔ سب کو چونکہ آپ پر اندھا اعتماد تھا اس لئے سب نے ویسا ہی کیا۔ تھوڑی دیر بعد میڈم کی نمائندہ راؤنڈ پر آ کر سب کو چیک کر کے واپس جانے لگی تو پوچھا گیا کس کام سے آئی تھی تو اس نے بتایا کہ میڈم نے کہا تھا کہ آج جو ٹیچر بھی سویٹر بنا رہی ہو اس کو Office میں لے آنا تب سب نے بیک زبان ہنستے ہوئے کہا باجی زبیدہ کو پہلے ہی خدا نے اس بات سے آگاہ کر دیا تھا تو وہ یہ سن کر حیران رہ گئی۔

میری امی نے مومنانہ شان سے ایک بھرپور اور کامیاب زندگی گزاری۔ اپنے حسن اخلاق سے میکے، سسرال اور ہر ملنے جلنے والے کو گرویدہ کیا۔ بیشمار بچوں کو قرآن پاک پڑھایا۔ سکول کے فرائض کے علاوہ حتی الوسع جماعت کا کام بھی کیا لیکن جب بڑھاپا آ گیا قویٰ مضمحل ہو گئے توانائیاں کمزوریوں میں بدلنے لگیں تو اپنے گزرے ہوئے بھرپور اور Active دور کو یاد کرتیں اور اکثر یہ اشعار پڑھتیں۔

اکثر شب تنہائی میں
کچھ دیر پہلے نیند سے
بیتی ہوئی دلچسپیاں
گزرے ہوئے دن عیش کے
بنتے ہیں شمع زندگی
اور دیتے ہیں مل کر روشنی

بہت عرصہ پہلے خدا نے آپ کو بتایا ہوا تھا کہ اولاد صاحب اولاد ہوگی۔ بفضل خدا آپ نے ساری اولاد کی خوشیاں دیکھیں۔ اپنے نواسے، نواسیوں اور پوتوں سے بے انتہا پیار تھا۔ آخری وقت اولاد اور خاوند کے ہاتھوں رخصت ہوئیں۔ ہمارے ابا جان کو بارہا یہ بتایا ہوا تھا کہ خدا تعالیٰ نے مجھے بتایا ہے کہ میں آپ کی زندگی میں ہی خدا سے جاملوں گی اور واقعۃً ایسا ہی ہوا۔

قارئین کرام سے ہم سب کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

الغرض آپ نہایت خوش خلق، مہمان نواز، منکسر المزاج، سادہ، ریاکاری سے پاک، صابر، شاکر، ہمدرد، قناعت پسند تھیں۔ بیشمار خوبیوں کا مجموعہ اور نیکیوں کا گلدستہ تھیں۔ ایک مثالی ماں تھیں اور ایک مثالی بیوی جنہوں نے 50 سالہ دور رفاقت نہایت

(باقی صفحہ 6 پر)

مکرم محمد یوسف بقاپوری صاحب

ڈاکٹر چچا محمد اسحاق بقاپوری کی یاد میں

میرے چچا ڈاکٹر محمد اسحاق صاحب بقاپوری جنہیں ہم پیار سے ڈاکٹر چچا کہا کرتے تھے۔ مورخہ 10/اکتوبر 2007ء بمطابق 27 رمضان المبارک صبح 8 بجے لاہور میں انتقال کر گئے۔ اس سے پہلی شام بیت النور میں نماز عشاء کے دوران دل کی تکلیف محسوس ہوئی۔ فوراً اتفاق ہسپتال ماڈل ٹاؤن لے جایا گیا۔ لیکن جانبر نہ ہوسکے۔ مرحوم نے بڑی فعال زندگی گزاری۔ میجر کے عہدے سے ریٹائرمنٹ کے بعد پرائیویٹ پریکٹس کی۔ 1974ء کے فسادات کے دوران ان کا کلینک بورے والا میں لوٹ لیا گیا۔ لیکن کبھی حرف شکایت زبان پر نہ لائے۔ نقصان کو خوشی سے برداشت کیا۔

آپ قادیان میں ہمارے دادا جان حضرت مولانا مولوی محمد ابراہیم صاحب بقاپوری کے ہاں دارالفضل میں 17/اگست 1921ء کو پیدا ہوئے۔ ہمارے والد مکرم محمد اسماعیل بقاپوری صاحب بھی اس دن پیدا ہوئے۔ گویا دونوں جڑواں بھائی تھے۔ چونکہ گھریلو ماحول مذہبی تھا۔ اس لئے ساری عمر قرآن سے عشق رہا۔ والدین کی تربیت نے اس پر چار چاند لگا دیئے۔ بچپن سے ہی دینی کاموں کی طرف رغبت رہی۔ مدرسہ احمدیہ قادیان میں پانچ سال تعلیم حاصل کی۔ بچپن سے ہی نمازوں کی بروقت ادائیگی اور قرآن مجید کی تلاوت کی عادت ڈال دی گئی۔ جو آخر وقت تک قائم رہی۔ میٹرک کے بعد بزرگوں کی ہدایت پر ڈاکٹری کی تعلیم حاصل کی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کا مشورہ تھا کہ اس میں دینی کاموں اور خدمت خلق کے مواقع زیادہ ملتے ہیں۔ اس کے بعد فوج میں ملازمت اختیار کر لی۔ پارٹیشن کے موقع پر آخری کانوائے جو قادیان آیا۔ دو ٹرکوں پر مشتمل تھا۔ اس میں چالیس سے زائد مستورات بچیاں اور مردوں کو بحفاظت لاہور پہنچایا۔

ماڈل ٹاؤن لاہور میں قیام کے دوران آپ سالہا سال سیکرٹری تعلیم القرآن اور امام الصلوٰۃ رہے۔ آپ قرآن کلاس بھی لیتے تھے۔ اور انفرادی طور پر بھی پڑھاتے تھے۔ آپ کے شاگردوں کی تعداد سینکڑوں میں ہے جو کہ اب بوڑھے بھی ہو چکے ہیں اور کئی غیراز جماعت بھی ہیں۔ سالہا سال آپ ماہ رمضان کے آخری عشرہ میں بیت النور میں اعتکاف بیٹھتے تھے۔ اب دو تین سال میں چونکہ صحت کمزور تھی اس لئے ناغہ ہوا۔ امسال بھی مورخہ 3/اکتوبر کو اعتکاف بیٹھنے والوں کو دعا کے لئے عرض کیا۔ پھر اگلے دن بھی بیت النور گئے دعا کے لئے درخواست کی اور اپنی زندگی کے چند ایمان افروز واقعات بیان کئے۔

فرمایا 1939ء امرتسر کا واقعہ ہے۔ میں نماز جمعہ کے بعد سائیکل پر بازار میں سے گھر جا رہا تھا راستہ میں ایک لڑکا میرے آگے آ گیا میں نے فوراً بریک لگائی اچانک بریک لگانے سے توازن برقرار نہیں رہا اور میں بائیں طرف گر گیا۔ اتفاق سے میں جس طرف گرا اس طرف ایک ہندو حلوائی کی دکان تھی اس نے چولہے کے اوپر ایک بڑا کڑاہا رکھا ہوا تھا جس میں حلوہ تیار ہو رہا تھا اور وہ اتنا پک گیا تھا کہ اس میں سے ابلنے کی آواز آ رہی تھی جب میں گرا تو سہارا لینے کے لئے میرا ہاتھ اس کڑاہی کے اندر چلا گیا۔ لوگ اکٹھے ہو گئے اور ایک شور مچ گیا۔ وہ ہندو بڑا پریشان ہوا اور ''رام رام'' کہتا ہوا مجھ سے معافی مانگنے لگا۔ میں نے اسے تسلی دی اور کہا کہ کچھ نہیں ہوا تمہارا کڑاہا تو ٹھنڈا تھا۔ وہ کہنے لگا رام رام اس میں تو حلوہ ابل رہا تھا آپ کو بہت تکلیف ہوئی میں نے اسے کہا نہیں مجھے کوئی تکلیف نہیں ہوئی تمہارا کڑاہا بہت ٹھنڈا تھا۔ مجمع سے ایک آدمی بولا ''اے لوگوا تے کسی ہور ہی مٹی دے بنے ہوئے نیں'' تب مجھے حضرت مسیح موعود کے اس الہام کی صداقت کا علم ہوا۔ آگ ہماری غلام بلکہ غلاموں کی غلام ہے۔

فرمایا ماڈل ٹاؤن میں میری رہائش ہے۔ ایک دن ایک لڑکا ٹاؤن شپ سے ماڈل ٹاؤن دوائی لینے آیا تو میں نے اسے واپس بھجوا دیا اور کہا کہ پھر شام کو آنا اس وقت مہمان آ گئے ہیں۔ لڑکا شام کو نہ آیا۔ سوتے سوتے خواب میں دو فرشتے آئے اور انہوں نے مجھے دونوں ٹانگوں سے پکڑ لیا اور الٹا کر کے زمین سے چار پانچ انچ اوپر سے چھوڑ دیا۔ میں جاگ گیا سر میں درد محسوس ہوا میں نے سر پر ہاتھ پھیرا تو سر میں گُرم (سوجا ہوا) اور چار پانچ دن مجھے اس جگہ درد محسوس ہوتا رہا۔ صبح میں جلدی اٹھ گیا اور مجھے اپنی غلطی کا احساس ہوا فوراً دوائی تیار کی اور لڑکے کے گھر دے آیا۔ فرماتے ہیں مجھے اس واقعہ سے خوشی ہوئی کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اس دنیا میں سزا دے دی۔

آپ نے مندرجہ ذیل قلمی قرآن مجید اپنے ہاتھ سے لکھے ہیں۔

1۔سادہ قرآن۔ 2۔باترجمہ قرآن مجید۔
3۔سادہ قراءتی قرآن مجید۔ 4۔باترجمہ قراءتی قرآن مجید

کئی پمفلٹ ہاتھ سے لکھ کر فوٹو سٹیٹ کر کے تقسیم کئے جس کا یہ فائدہ ہوا کہ اس کے بعد کئی کتابچے قرآن کے پڑھنے پر منظر عام پر آئے اور لوگوں کا بھلا ہوا۔ ان کی تمام تر توجہ صحیح اعرابی صورت میں صحیح تلفظ سے تلاوت کرنے پر رہی۔ ان کی ایک کتاب ''معلومات قرآن'' جو دو سال قبل چھپی ہے۔ خاص و عام میں مقبول ہوئی۔ ایک کتاب ''معراج حیات'' ہے۔ جس کا پیش لفظ مکرم چوہدری حمید نصر اللہ خان صاحب امیر جماعت احمدیہ لاہور نے لکھا ہے۔ اس میں انسانی زندگی کے تقریباً تمام پہلوؤں پر قرآن مجید سے ہدایات اکٹھی کی ہیں اور پھر ان آیات سے منسلک اور ان کی تشریح میں آنحضرت ﷺ کی احادیث اور حضرت مسیح موعود کے اقوال بھی پیش کئے ہیں۔ اس کتاب کو ریفرنس کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے اور لائبریریوں کی زینت ہے۔ ابھی حال ہی میں ایک اور کتاب ترتیب دی ہے۔ جو حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کی کتابوں اور ملفوظات میں قرآنی آیات کے حوالوں پر ہے اور چھپائی کے آخری مراحل میں ہے اس کے علاوہ اخبار الفضل میں بھی آپ کے کئی مضامین چھپے ہیں۔ غرض آپ کی شخصیت علم دوست تھی۔

آپ کی شادی 1950ء میں محترمہ رقیہ بیگم صاحبہ سے ہوئی۔ جو حضرت مولانا شیر علی صاحب مرحوم کی نواسی تھیں۔ ان کے بطن سے تین لڑکے محمد یعقوب، محمد ادریس اور محمد سلیمان اور ایک لڑکی گل رعنا پیدا ہوئے۔ لڑکی کم سنی یعنی جوانی میں ہی 18 سال کی عمر میں 1981ء میں فوت ہو گئی اور ماڈل ٹاؤن قبرستان میں سب سے پہلی قبر اسی کی ہے۔ ماڈل ٹاؤن قبرستان کے لئے ان کی کاوشیں قابل قدر ہیں۔ آپ کی اہلیہ کی وفات 2003ء میں ہوئی۔ وہ بھی نہایت نیک اور قرآن کے علم کی شیدائی اور اعلیٰ تعلیم یافتہ تھیں۔

خاکسار چونکہ ان کا سب سے بڑا بھتیجا ہے۔ مجھ سے خاص لگاؤ تھا۔ 1966ء میں جب میری کراچی سے راولپنڈی ٹرانسفر ہوئی تو اس وقت کھاریاں میں تعینات تھے اکثر مجھ سے ملنے آتے۔ بہت دعا گو بزرگ تھے۔ آخری ملاقات میں جو ایک شادی کی تقریب میں ماہ جولائی میں ہوئی تھی۔ واضح طور پر مجھے بتایا تھا کہ ماہ نومبر تک مجھ سے فائدہ اٹھالو۔ افسوس کہ ہم ان کی دعاؤں سے محروم ہو گئے۔

آپ جماعتی تحریکات میں ہمیشہ نمایاں حصہ لیتے تھے۔ تحریک جدید کے پانچ ہزار مجاہدین میں شامل تھے اور مرحوم والدین کی طرف سے بھی حصہ لیتے تھے۔ ان کی اولاد بھی ماشاءاللہ خدمت دین میں پیش پیش ہے۔

وفات کے وقت ان کی عمر 86 سال تھی۔ ان کی نماز جنازہ مورخہ 11/اکتوبر 2007ء بروز جمعرات بعد نماز فجر بیت النور میں ادا ہوئی۔ جو ان کے بیٹے محمد ادریس بقاپوری نے جو ایک رات پہلے ابوظہبی سے پہنچے تھے نے پڑھائی۔ ان کی تدفین مقامی قبرستان ماڈل ٹاؤن میں ہوئی۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ پسماندگان کا حافظ و ناصر ہو اور ہم سب کو ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ احباب جماعت کی خدمت میں ان کے لئے دعائے مغفرت کی درخواست ہے۔

صنعتی تحریک

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے مشاورت 1931ء کے موقع پر صنعت و تجارت کی طرف خاص طور پر توجہ دلائی اور فرمایا کہ جماعتی ترقی کے لئے صنعت و حرفت اور تجارت ضروری چیزیں ہیں۔

حضور نے اس سلسلہ میں ایک صنعتی تحریک جاری کرنے کا قصد فرمایا اور اس کی سکیم بنانے کے لئے چند تجربہ کار اصحاب پر مشتمل ایک کمیٹی بنا دی۔

صنعتی تحریک کی سکیم کے مطابق قادیان میں پہلا کارخانہ ''ہوزری فیکٹری'' کے نام سے کھولا گیا جو 1923ء سے 1947ء تک بڑی کامیابی سے چلتا رہا۔

1934ء میں تحریک جدید کے مطالبات میں آپ نے 15واں مطالبہ یہ کیا۔

وہ نوجوان جو گھروں میں بیکار بیٹھے روٹیاں توڑتے رہتے ہیں اور ماں باپ کو مقروض بنا رہے ہیں ان کو چاہئے کہ اپنے وطن چھوڑیں اور نکل جائیں۔

سترھویں مطالبہ میں فرمایا:

جو لوگ بیکار ہیں وہ بیکار نہ رہیں۔ اگر وہ اپنے وطنوں سے باہر نہیں جاتے تو چھوٹے سے چھوٹا جو کام بھی انہیں مل سکے وہ کر لیں۔ اخباریں اور کتابیں ہی بیچنے لگ جائیں۔ ریزروفنڈ کے لئے روپیہ جمع کرنے کا کام شروع کر دیں۔ غرض کوئی شخص بیکار نہ رہے خواہ اسے مہینہ میں دو روپے کی ہی آمدنی ہو۔

(الفضل 9 دسمبر 1934ء)

(بقیہ صفحہ 5)

کامیابی خلوص اور تعاون کے ساتھ نبھایا جو ایک روشن مثال ہے۔

میری پیاری امی کا وہ مشفق اور ہنستا مسکراتا چہرہ آج ہم میں نہیں قدم قدم پر ان کی یادیں بکھری ہوئی ہیں۔ ہمارے گھر کا سب سے روشن چراغ بجھ گیا ہے۔ آنکھیں اشکبار ہیں اور دل غمگین و حزیں۔

خدا کرے جیسے اس دنیا میں خدا تعالیٰ کا ان کے ساتھ پیار کا سلوک تھا ابدی دنیا میں بھی وہ اس کے پیار، فضلوں اور رحمتوں کے سائے تلے ہوں۔ وہ خوبیاں اور نیکیاں جو خدا کو ان میں پسند تھیں ان خوبیوں، نیکیوں اور دعاؤں کا ہم سب کو وارث بنائے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین

تمہاری نیکیاں زندہ
تمہاری خوبیاں باقی

ہمیں اللہ تعالیٰ سے امید ہے کہ وہ دعائیں جو انہوں نے ساری زندگی ہمارے لئے کیں وہ کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی ان کے ثمرات ہمیں ملتے رہیں گے۔ انشاءاللہ

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جا رہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 75490 میں Tiawati

زوجہ Imam Soleh قوم...... پیشہ خانہ داری عمر 29 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 26-1-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر اداشدہ -/RP3000000 - اس وقت مجھے مبلغ -/RP250000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Tiawati گواہ شد نمبر 1 Abdurrahman۔ گواہ شد نمبر 2 Imam Soelh M

مسل نمبر 75491 میں Ammatun Nasir

بنت Abdul Wahab قوم...... پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 2-1-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور 3-7 گرام مالیتی -/RP711000 - اس وقت مجھے مبلغ -/RP300000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Ammatunn Nasir۔ گواہ شد نمبر 1 H.Muhammad Wendi۔ گواہ شد نمبر 2 Abdul Wahab

مسل نمبر 75492 میں Daria Br Tarigan

زوجہ Saksi Sitepu قوم...... پیشہ لیبر عمر 40 سال بیعت 1985ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 17-11-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر اداشدہ -/RP5000 (2) مکان برقبہ 75 مربع میٹر مالیتی -/RP25000000 - اس وقت مجھے مبلغ -/RP600000 ماہوار بصورت لیبر مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Daria Br Tarigan گواہ شد نمبر 1 Nurdin Ginting۔ گواہ شد نمبر 2 Saksi Sitepu

مسل نمبر 75493 میں Tjik Amin

ولد MaJasir قوم...... پیشہ فارمر عمر 79 سال بیعت 1951ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 3-3-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زمین برقبہ 8332 مربع میٹر مالیتی -/RP4000000 (2) Fish Pond 100 مربع میٹر مالیتی -/RP1000000 اس وقت مجھے مبلغ -/RP1000000 ماہوار بصورت Monotiry Aid مل رہے ہیں۔ اور مبلغ -/RP1600000 سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Tjik Amin۔ گواہ شد نمبر 1 Emroh۔ گواہ شد نمبر 2 Syarif

مسل نمبر 75494 میں Ilah Karsilah

